# پراسپیکٹس

2022-23

# مندرجات


- کالج کے اغراض ومقاصد 2
- پرنسپل صاحب کا پیغام 3
- کالج کا تعارف 4
- کالج کونسل 5
- پراکٹوریل بورڈ 6
- کالج کمیٹیاں 6
- کالج کے اوقات کار + یونیفارم 8
- اساتذہ کا تعارف 9
- آفس سٹاف 11
- کالج کے قواعد وضوابط 12
- مضامین کے گروپ 24
- تفصیل ادائیگی واجبات 25
- انٹر کلاسز کے لیے مضامین کے گروپ 26
- بی ایس (انگلش) سلیبس 28


## کالج کے اغراض ومقاصد

ہمارا عزم صمیم ہے کہ آئندہ آنے والے چند سالوں میں اس کالج کو ڈویژن بھر میں ایسا مثالی ادارہ بنایا جائے جو باقی تمام کالجز کے لیے قابل رشک ہو۔ یہاں کے طلباء زمانہ جدید کی تمام تعلیمی سہولیات، تکنیکوں اور علم وفن میں عالمی سطح پر نئے آسمانوں کی بازیافت کرنے والی اقوام کی صف اول میں کھڑے ہوں۔ ہمارے کالج کے کھلاڑی کھیل کے میدان میں ایسی کامیابیاں رقم کریں جو اس کالج کا نام پنجاب بھر میں روشن کریں۔ ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے طلباء معیار کی وہ زریں روایات قائم کریں جو باقی تمام گورنمنٹ اور پرائیویٹ کالجز کے لیے ہدف قرار پائے۔ اس کالج کے طلباء اپنے اخلاق و کردار، ذہنی رفع اور علمی و روحانی صلاحیتوں کے نکتہ عروج پر ہوں اور وہ معاشرے کے جس شعبہ میں بھی اپنی خدمات سرانجام دیں لوگ انہیں ایک مثالی تعلیمی ادارہ کے ہونہار سفیروں کے طور پر یاد رکھیں جو معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اپنا تاریخ ساز کردار ادا کر رہے ہیں۔ عہد جدید کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے اور عالمی سطح پر فروغ پانے والی تعلیمی سرگرمیوں میں شامل رہنے کے لیے کالج ہذا بھی آئندہ سالوں میں BS (چار سالہ پروگرامز)، BS (Honours) سمسٹر سسٹم متعارف کروانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ جس سے کالج ہذا پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر تعلیم فراہم کرنے والا ایک ممتاز تعلیمی ادارہ بن جائے گا۔ بی ایس ایجوکیشن، فزیکل ایجوکیشن، بی ایس IT، بی۔ ایڈ اور مستقبل قریب میں شروع کرنے کا اراداہ ہے، اس سال سے بی ایس (انگلش) شروع کیا جا رہا ہے۔ کالج کے مستقبل قریب کے منصوبوں میں جدید ترین سہولیات سے آراستہ سائنس لیبارٹریز کا قیام شامل ہے۔ اس کے علاوہ کالج میں کلاس رومز کی تعداد کم ہے۔ جس کی وجہ سے مزید بلاک تعمیر کرائے جائیں گے تا کہ کمروں کی تعداد زیادہ سے زیادہ فراہم کی جاسکے۔

# پرنسپل صاحب کا پیغام



**محمد طیب**
ایم ایس سی شماریات
ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس

جب تک ہم اپنے آباؤ اجداد کے دریافت شدہ راستوں پر سفر نہیں کرتے ہمیں اس حقیقت کا ادراک نہیں ہوتا کہ یہی راستے منزل کی طرف نشان دہی کرنے والے سنگِ میل ہیں۔ روایت سے دامن جوڑ کر ہی عرفان کی منزل طے ہوسکتی ہے کہ افراد کی ذاتی اور سماجی زندگی میں اجتماعی تاریخی شعور کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ ہم کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے عہد میں سانس لے رہے ہیں جو تیزی سے فروغ پاتی، اپنے اندر امکانات کے نئے باب کھولتی ہوئی اور دنیا کا نقشہ بدلنے والی سائنس کی شاخیں ہیں۔ آج کے عہد میں کمپیوٹر ہر شعبہ زندگی جیسے کہ تحقیق، تعلیم، صنعت، تجارت، کاروبار وغیرہ میں استعمال ہو رہا ہے اس کا استعمال ترقی اور خوشحالی حاصل کرنے کے لیے ناگزیر ہو چکا ہے۔ ہم گورنمنٹ گریجویٹ کالج کھرڑیانوالہ میں پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، آئی سی ایس (ICS)، جنرل سائنس، کامرس ایف اے آئی ٹی اور آرٹس کے گروپوں میں انٹر کی سطح پر تعلیم فراہم کر رہے ہیں۔ ڈگری کی سطح پر بی ایس (چار سالہ پروگرام) کی تعلیم دی جاتی ہے۔ تدریس کے جدید ترین اصولوں سے واقفیت رکھنے والے تجربہ کار اساتذہ آپ کی بہترین ذہنی اور تعلیمی صلاحیتوں کو نکھار کر آپ کے روشن مستقبل کی طرف رہنمائی کے لیے ہمہ وقت مصروف کار ہیں۔ کھیلوں کے لیے وسیع و عریض میدان اور سرسبز و شاداب کالج کیمپس آپ کی جسمانی پھرتی اور جوش کے اظہار کے لیے منتظر ہیں۔ کالج میں کمپیوٹر لیب اور سائنس لیبارٹریز آپ کو سائنس اور کمپیوٹر کے عملی کام میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری آلات سے آراستہ ہیں کالج میں ایک خوبصورت اور وسیع مسجد حال ہی میں ایک نہایت دیندار مخیرّ اور نیک دل شخص نے تعمیر کروادی ہے۔ جہاں کالج کے طلباء، سٹاف اور اہل دیہہ پانچوں وقت نماز پڑھتے ہیں۔

کالج میں طلباء کی تواضع کے لئے ایک کینٹین کا انتظام کیا گیا ہے۔ جہاں پر طلباء کو کھانے پینے کی معیاری اشیاء دستیاب ہیں۔ ہم ان طلباء کو خوش آمدید کہتے ہیں جو کالج ہذا میں متعارف کروائے گئے کورسز میں داخلہ لے کر اپنی صلاحیتوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہونا چاہتے ہیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ طلباء کا کالج میں قیام خوشگوار ثابت ہوا اور وہ مستقبل میں کامیابیوں سے ہمکنار ہوسکیں۔

# کالج کا تعارف

اس کالج کا قیام ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف دی پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر SO(P-111)5-97/94 dated 06-06-2007 کے تحت کیا گیا۔ یہ کالج مکوآنہ بائی پاس پر دو کلومیٹر دور کھرڑیانوالہ کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔ کالج کا 97 کنال کا رقبہ زمین کے دو بڑے قطعات پر مشتمل ہے، پہلا قطعہ 63 کنال پر مشتمل ہے جن میں 3 تعمیر شدہ بلاک ہیں اور دوسرا قطعہ 34 کنال پر مشتمل ہے





## ایڈمن بلاک

یہ بلاک پرنسپل آفس، وائس پرنسپل آفس، کنٹرولر امتحانات، چیف پراکٹر آفس، ایڈمن/اسٹیٹ آفیسر آفس، سٹاف روم، ہیڈ کلرک آفس، کیئر ٹیکر، فیس کلرک آفس اور ڈسپنسری/سپورٹس آفس پر مشتمل ہے۔



## اکیڈمک بلاک

اس بلاک میں 12 کلاس رومز ہیں۔ چار سائنس لیبارٹریاں ہیں۔ ایک کلاس روم کو لائبریری کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔




## جامع مسجد

کالج میں ایک نہایت خوبصورت، کشادہ اور دلفریب جامع مسجد خوشی محمد تعمیر کی گئی ہے۔ اس مسجد کی تعمیر جناب محمد ارشد (اچھی بھائی) الحمرا فیبر کس پرائیویٹ لمیٹڈ فیصل آباد کے خصوصی تعاون سے ممکن ہوئی ہے۔

کالج کی بیرونی دیوار سے باہر 34 کنال زمین پرنسپل صاحب کی رہائش گاہ، سٹاف کالونی اور درجہ چہارم کے ملازمین کے گھروں کے لیے مختص ہے۔ کالج کے احاطہ کے اندر ایک وسیع رقبہ کھیلوں کے میدانوں کے لیے مختص ہے۔ اب کالج اپنا دامن وسیع کیے ہوئے ان طلباء کی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کے لیے منتظر ہے جو اس علاقہ کے رہائشی ہیں۔ طلباء کے لیے ایف۔اے، ایف اے آئی ٹی، آئی سی ایس، جنرل سائنس، ایف ایس سی پری میڈیکل، ایف ایس سی پری انجینئر نگ، آئی کام اور بی ایس (چار سالہ پروگرام) میں داخلہ کی سہولت دستیاب ہے۔ داخلہ کے خواہش مند طالب علم کو کم از کم سیکنڈ ڈویژن کا حامل ہونا چاہیے۔ طلباء کی تدریس کے لیے عہد حاضر کے تازہ ترین علوم وفنون سے آراستہ ایم۔اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی اساتذہ ہیں جو نسل نو کی تعمیر کے لیے اپنی خدمات سرانجام دینے کے لیے موجود ہیں۔

یہ توقع کی جاتی ہے کہ خدائے ذوالجلال کے فضل سے، وقت کے ساتھ ساتھ یہ ادارہ باصلاحیت نسل نو، روشن ذہنوں اور ٹیکنیکل، جنرل اور کمرشل شعبوں میں اپنی صلاحیتوں سے اقوام عالم کی صفوں میں پاکستان کے وقار میں اضافہ کرنے والے نوجوانوں کی کھیپ تیار کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے گا۔



# کالج کونسل

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفیکیشن SU(A-1,1-47-2010 dated 29-11-2010 کے مطابق کالج کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد کالج کے معاملات کا حتمی فیصلہ کرنا تھا۔

## کالج ہذا کی کونسل کے ممبران کی فہرست یوں ہے۔



**محمد طیب صاحب**
(پرنسپل / چیئرمین)

**محمد ارشد چیمہ صاحب**
(سیکرٹری)

- ☆ محمد مجاہد عمر صاحب (ممبر)
- ☆ خالد محمود صاحب (ممبر)
- ☆ شکیل احمد شاہد صاحب (ممبر)
- ☆ ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (ممبر)
- ☆ غلام مصطفیٰ صاحب (ممبر)
- ☆ طاہر محمود صاحب (ممبر)
- ☆ نمائندہ ڈپٹی کمشنر صاحب (ممبر)
- ☆ چوہدری علی اختر خاں صاحب (رکن صوبائی اسمبلی) (ممبر)
- ☆ محمد الیاس صاحب (سابقہ کونسلر) (ممبر)
- ☆ محمد اصغر علی صاحب (سیکرٹری یونین کونسل) (ممبر)
- ☆ رانا الطاف حسین صاحب (والد طالب علم) (ممبر)
- ☆ محمد اصغر صاحب (والد طالب علم) (ممبر)
- ☆ رانا محمد ضمیر صاحب (والد طالب علم) (ممبر)
- ☆ طالب علم سال چہارم (ممبر)
- ☆ طالب علم سال دوئم (ممبر)
- ☆ طالب علم سال اول (ممبر)
- ☆ طالب علم سال سوئم (ممبر)

# پراکٹوریل بورڈ

کالج میں اساتذہ اور طلباء کی شمولیت سے ایک پراکٹوریل بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ بورڈ کے دائرہ کار اور اختیار میں ان طلباء کی کارروائیوں پر نظر رکھنا اور ان کے لیے سزا تجویز کرنا ہے جو کالج کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ اعلان کردہ سزا حتمی ہوگی مگر کالج کونسل کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ خصوصی کیسز (نظم وضبط سے متعلق) میں پراکٹوریل بورڈ کی تجویز کردہ سزا میں تبدیلی یا نظر ثانی کرسکتی ہے۔

## پراکٹوریل بورڈ کے ممبران یہ ہیں۔



- ☆ محمد ارشد چیمہ صاحب (چیف پراکٹر)
- ☆ ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (بی ایس کوآرڈینیٹر) (ممبر)
- ☆ شکیل احمد شاہد صاحب (اے ڈی اے، اے ڈی ایس کلاسز) (ممبر)
- ☆ طاہر محمود صاحب ایف ایس سی کلاسز (ممبر)
- ☆ طاہر وسیم صاحب آئی کام کلاسز (ممبر)
- ☆ محمد عمران صاحب ایف اے کلاسز (ممبر)
- ☆ غلام مصطفیٰ صاحب (آئی سی ایس کلاسز) (ممبر)

# کالج کمیٹیاں

## پرچیز کمیٹی

| | |
|---|---|
| محمد ارشد چیمہ صاحب | (سیکرٹری) |
| خالد محمود | (ممبر) |
| ڈاکٹر محمد ریاض صاحب | (ممبر) |
| طاہر وسیم صاحب | (ممبر) |
| زریاب صاحب | (ممبر) |

## میگزین کمیٹی

| | |
|---|---|
| محمد ارشد چیمہ صاحب | (انچارج میگزین) |
| محمد مجاہد عمر صاحب | (ممبر) |
| زریاب صاحب | (ممبر) |

## امتحان کے انعقاد کی کمیٹی

| | |
|---|---|
| ڈاکٹر محمد ریاض صاحب | (کنٹرولر) |
| طاہر محمود صاحب | (ڈپٹی کنٹرولر) |
| طاہر وسیم صاحب | (اسسٹنٹ کنٹرولر) |
| زریاب صاحب | |
| محمد عمران صاحب | (ممبر) |
| سرفراز احمد صاحب | (ممبر) |
| سید تفصیل شیرازی صاحب | (ممبر) |
| احمد حسن صاحب | (ممبر) |

## پراسپیکٹس اور پرنٹنگ کمیٹی

ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (انچارج)
محمد ارشد چیمہ صاحب (ممبر)
عبدالباسط علی صاحب (ممبر)
زریاب حسین صاحب (ممبر)

## بزم ادب کمیٹی

محمد ارشد چیمہ صاحب انچارج (انگلش)
سید تفضیل شیرازی صاحب (اردو)
حافظ عارف محمود صاحب (ممبر)
محمد عمران صاحب (ممبر)

## نظم وضبط کمیٹی

محمد ارشد چیمہ صاحب (انچارج)
شکیل احمد شاہد صاحب (ممبر)
ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (ممبر)
محمد عمران صاحب (ممبر)

## یونیفارم اور کالج کارڈ کمیٹی

خالد محمود صاحب (انچارج)
محمد عمران صاحب (ممبر)
احمد حسن صاحب (ممبر)

## داخلہ کمیٹی

محمد ارشد چیمہ صاحب (ممبر) زریاب حسین صاحب (ممبر)
محمد عمران صاحب (ممبر) طاہر وسیم صاحب (ممبر)
غلام مصطفیٰ صاحب (ممبر)

## ریفریشمنٹ کمیٹی

زریاب حسین صاحب (ممبر)
طاہر وسیم صاحب (ممبر)

## کالج سیر وسیاحت کمیٹی

ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (انچارج)
محمد ارشد چیمہ صاحب (ممبر)
عبدالباسط علی صاحب (ممبر)

## کالج سپورٹس بورڈ

شکیل احمد شاہد صاحب (کنوینز/انچارج اتھلیٹکس /انچارج کرکٹ ٹیم)
سرفراز احمد صاحب (انچارج فٹ بال ٹیم)
خالد محمود صاحب (انچارج والی بال ٹیم)
محمد ظفر حیات صاحب (انچارج بیڈمنٹن ٹیم)
محمد عمران صاحب (انچارج کبڈی ٹیم) (انچارج ہاکی ٹیم)
حامد حسین صاحب (انچارج ٹیبل ٹینس ٹیم)

## کالج لائبریری کمیٹی

حافظ عارف محمود صاحب (انچارج)
محمد ارشد چیمہ صاحب (ممبر)
سید تفضیل شیرازی صاحب (ممبر)
خالد محمود صاحب (ممبر)
ڈاکٹر محمد ریاض صاحب (ممبر)

## طلباء اُمور کمیٹی

غلام مصطفیٰ صاحب (کنوینر)
محمد عمران صاحب (ممبر)
سید تفضیل شیرازی صاحب (ممبر)
عبدالباسط علی صاحب (ممبر)

## انچارج صاحبان

غلام مصطفیٰ صاحب: Struck Off اینڈ ری ایڈمشن
طاہر وسیم صاحب : برسر، فیس معافی، بجلی، انٹرنل آڈیٹر
خالد محمود صاحب: سٹاف سیکرٹری، طلباء کالج کارڈ
ڈاکٹر محمد ریاض صاحب: ٹائم ٹیبل، کالج بلڈنگ
طاہر محمود صاحب: وظیفہ جات، ڈیٹنگی
احمد حسن صاحب : سائیکل/ موٹر سائیکل سٹینڈ
محمد عمران صاحب: کریکٹر سرٹیفکیٹ پرنٹنگ
حامد حسین صاحب: ڈسپنسری

## کالج کے اوقاتِ کار

15 اگست سے 31 دسمبر صبح 8:15 منٹ
یکم جنوری سے 15 اپریل صبح 8:45 منٹ

نوٹ:

1۔ پہلے پندرہ منٹ دعا/اسمبلی پیریڈ کے طور پر استعمال ہوں گے۔
2 کھیلوں کی مشق کلاس ورک کے بعد ہوا کرے گی

## طلباء، والدین اور اساتذہ مشاورت کمیٹی

خالد محمود صاحب حامد حسین صاحب
سرفراز احمد صاحب محمد ظفر حیات صاحب

## مسجد کمیٹی

محمد ارشد چیمہ صاحب
حافظ عارف محمود صاحب
محمد عمران صاحب



## کینٹین کمیٹی

خالد محمود صاحب
طاہر محمود صاحب
حامد حسین صاحب

## یونیفارم

موسم گرما: ڈارک گرے پینٹ اور سفید شرٹ مخصوص ٹائی کے ساتھ
موسم سرما: ڈارک گرے پینٹ اور سفید شرٹ مخصوص ٹائی کے ساتھ
نیوی بلو سویٹر / جرسی / کوٹ

# اساتذہ کا تعارف

## شعبہ باٹنی



**طاہر محمود**
لیکچرار
ایم فل باٹنی

## شعبہ کامرس



**طاہر وسیم**
لیکچرار
ایم فل کامرس (فنانس)، PIPFA

## شعبہ اکنامکس

## شعبہ کیمسٹری



**حامد حسین**
لیکچرار
ایم فل کیمسٹری

## شعبہ ایجوکیشن



**ڈاکٹر محمد ریاض**
اسسٹنٹ پروفیسر
پی ایچ ڈی (ایجوکیشن)
ایم اے (مطالعہ پاکستان، سیاسیات)

## شعبہ انگریزی



**محمد ارشد چیمہ**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم۔اے انگلش
بی۔ایڈ




**سرفراز حمد**
لیکچرار
ایم فل انگلش۔ایم ایڈ

## شعبہ فزکس

CTI

## شعبہ اُردو



**محمد مجاہد عمر**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم اے اردو،
ایم اے سیاسیات



**سید تفضیل حسین شیرازی**
لیکچرار
ایم فل اردو

## شعبہ جغرافیہ



**خالد محمود**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم فل جغرافیہ، ایم اے ایجوکیشن

# اساتذہ کا تعارف

## شعبہ نفسیات



**عبدالباسط علی**
لیکچرار
ایم فل نفسیات

## شعبہ صحت و تعلیم جسمانی



**شکیل احمد شاہد**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم فل سپورٹس سائنس اینڈ گلوبل ایونٹس مینجمنٹ (یونان)

## شعبہ اسلامیات



**محمد عمران**
لیکچرار
ایم اے اسلامیات

## شعبہ ریاضی



**زریاب حسین**
لیکچرار
ایم فل ریاضی



**غلام مصطفیٰ**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم ایس سی ریاضی

## شعبہ سوشل ورک



**فیروز عثمانی**
لیکچرار
ایم فل سوشل ورک



**محمد ظفر حیات**
لیکچرار
ایم فل سوشل ورک

## شعبہ شماریات اور کمپیوٹر سائنس



**محمد طیب**
اسسٹنٹ پروفیسر
ایم ایس سی شماریات
ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس

## لائبریری سائنس



**حافظ عارف محمود**
سینئیر لائبریرین
ایم ایس سی لائبریری سائنس، ایم فل انگلش
ایم اے اردو، ایل ایل بی

## شعبہ پولیٹیکل سائنس



**احمد حسن**
لیکچرار
ایم اے سیاسیات

# آفس سٹاف

| | | | |
|---|---|---|---|
| محمد اکرم | ہیڈ کلرک | اشفاق احمد | نائب قاصد |
| مبشر | سینئر کلرک | آسامی خالی | نائب قاصد |
| صابر علی | سینئر کلرک | حبیب الرحمٰن | مالی |
| خالد محمود | لیب سپروائزر | حافظ محمد شہزاد حسین | مالی |
| طارق منظور | لیب اٹینڈنٹ | جاوید اقبال | بیلدار |
| عبدالرحمٰن | لیب اٹینڈنٹ | آسامی خالی | چوکیدار |
| محمد سعید | لیب اٹینڈنٹ | نصیر احمد | چوکیدار |
| آسامی خالی | لیب اٹینڈنٹ | احمد علی | چوکیدار |
| آسامی خالی | لیب اٹینڈنٹ | مقصود احمد | واٹر مین |
| محمد شہباز | نائب قاصد | راشد مسیح | خاکروب |



# داخلہ کے قوانین

کالج بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے الحاق شدہ ہے اور ایف۔اے، ایف اے آئی ٹی، ایف ایس سی، آئی کام، آئی سی ایس، جنرل سائنس گروپ اور اے ڈی اے، اے ڈی ایس اور بی ایس چار سالہ کی تعلیم فراہم کرتا ہے۔

1۔ داخلہ کی درخواست صرف مخصوص داخلہ فارم پر ہی دی جا سکتی ہے۔ایک گروپ سے زیادہ میں داخلہ کی صورت میں الگ فارم استعمال کرنا ہوگا۔

2۔ طلباء کو والدین یا سرپرست کے دستخط کے ساتھ ایک بیان حلفی مہیا کرنا ہوگا۔

3۔ طلباء اپنی درخواست کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات منسلک کریں گے۔

(i) بورڈ یا یونیورسٹی سے جاری کردہ رزلٹ کارڈ/سند (جو مختلف مضامین میں حاصل کردہ نمبروں کی تفصیل ظاہر کریں اور ان میں طلباء کا نتیجہ، گریڈ اور نمبروں کی اوسط (جو پچھلے امتحانوں میں حاصل کی) درج ہو۔

(ii) پاسپورٹ سائز تصاویر (سال اوّل کے لیے تین اور سال سوم کے لیے چار تصاویر) تصدیق شدہ ہوں۔

(iii) طالب علم کا شناختی کارڈ (نقل) یا بے فارم (نقل) جو تصدیق شدہ ہو۔

# کالج کے قواعد وضوابط

(iv) گزشتہ سکول/کالج کا جاری کردہ اچھے چال چلن کا سرٹیفکیٹ (تصدیق شدہ)

(v) والد صاحب کا شناختی کارڈ تصدیق شدہ

(vi) یہ تمام دستاویزات کالج کے داخلہ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔داخلہ فارم پراسپیکٹس کے ساتھ دستیاب ہے۔یہی داخلہ فارم کمپیوٹر نیٹ (www.ocas.punjab.gov.pk) پر بھی دستیاب ہے۔

(vii) داخلہ کے لیے کلاس / کوٹہ (Quota) کیٹگری (Category) جس میں طالب علم داخلہ کا خواہش مند ہو واضح درج کریں۔

(viii) وہ طلباء جن کا رزلٹ کارڈ یا سند بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد یا گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے جاری کردہ نہ ہو۔وہ طلباء رزلٹ کارڈ یا سند جاری کرنے والے ادارہ کی طرف سے NOC جمع کروائیں۔

4۔ سرپرست کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی صرف اسی صورت قابل قبول ہوگی اگر والد صاحب کا انتقال ہو چکا ہو۔

5۔ ہر گروپ میں داخلہ صرف اس میرٹ پر ہوگا جو گورنمنٹ کے اُصول وضوابط کی روشنی میں تشکیل دیا جائے گا۔

6۔ کسی بھی جعلی دستاویز پر داخلہ نہیں ملے گا اور اس کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے گی۔

7۔ اگر داخلہ کے بعد کوئی دستاویز جعلی ثابت ہو تو داخلہ منسوخ کیا جائے گا اور جعلسازی اور دھوکہ دہی کا مقدمہ طالب علم کے خلاف درج ہوگا۔

8۔ آخری تاریخ کے بعد کوئی بھی درخواست قابل قبول نہیں کی جائے گی۔

9۔ سال اوّل میں داخلہ کے لیے طالب علم کی عمر 18 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

10۔ سال سوم میں داخلہ کے لیے طالب علم کی عمر 22 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

11۔ عمر میں رعایت کی درخواست پرنسپل صاحب کو دی جاسکتی ہے۔

12۔ وہ طلباء جو سال اوّل کے کسی مضمون میں ناکام ہوتے ہیں یا کسی پیپر میں غیر حاضر رہتے ہیں تو ان کو فرسٹ ائیر میں دوبارہ داخلہ دیا جاسکتا ہے (بحوالہ سرکلر جاری کردہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

(8001-8500/G-R dated 24-07-2013)

یہ سرکلر کالج کے پرنسپل صاحبان اور ہائر سیکنڈری سکولوں کو جاری کیا گیا ہے جو فیصل آباد بورڈ سے الحاق شدہ ہیں۔

13۔ پنجاب حکومت کی ہدایات کے مطابق وہ طلباء جنھوں نے فرسٹ ائیر میں داخلہ کے سال سے دو سال پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہے وہ داخلہ کے اہل ہیں۔ وہ طلباء جن کو میٹرک کا امتحان پاس کئے دو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے انہیں حکومتِ پنجاب کی پالیسی Letter

Letter no. SO(A-1)7-11/95 dated

27-10-2003 کے مطابق سالِ اوّل میں داخلہ کے لیے درخواست دینی ہوگی۔

14۔ اگر فیس مقررہ تاریخ کے اندر جمع نہیں کروائی جاتی ہے تو داخلہ منسوخ تصور ہوگا۔

15۔ ایک مرتبہ سیکشن الاٹ ہونے کے بعد تبدیل نہیں کیا جائے گا۔

16۔ داخلہ شیڈول کے مطابق نوٹس بورڈ پر میرٹ لسٹ آویزاں کر دی جائے گی۔

17۔ اگر کوئی طالب علم امتحان کے دوران ناجائز ذرائع کا استعمال کرتا ہے تو اسے کالج سے خارج کیا جاسکتا ہے یا کوئی دوسری موزوں سزا تجویز کی جاسکتی ہے۔







## پارکنگ سٹینڈ کے قوانین

1۔ موٹر سائیکل، سائیکل کالج انتظامیہ سے رجسٹرڈ کروائی جائے گی۔

2۔ ہر طالب علم اپنا رول نمبر/نام موٹر سائیکل، سائیکل پر درج کروائے۔

3۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے موٹر سائیکل، سائیکل کو دوہرا تالا لگایا ہے۔

4۔ اگر موٹر سائیکل، سائیکل تالہ کے بغیر پائی جاتی ہے تو سائیکل کے لیے 50 روپے اور موٹر سائیکل کے لیے 100 روپے جرمانہ ہوگا۔ اگر طالب علم زیادہ جلدی میں ہے تو پارکنگ سٹینڈ پر موجود کالج کی طرف سے متعین ملازم کو دوسرے سائیکلوں یا موٹر سائیکلوں سے الگ اپنا سائیکل یا موٹر سائیکل حوالہ کر کے جائے۔

5۔ ایک قابل واپسی تانبے کا بنا نمبر والا ٹوکن ہر طالب علم کو دیا جاتا ہے جب وہ پارکنگ کے لیے جاتا ہے۔ اپنی سائیکل یا موٹر سائیکل واپس لے جاتے وقت یہ تانبے کا بنا نمبر والا ٹوکن پارکنگ سٹینڈ پر موجود ملازم کو واپس کرنا ہوتا ہے تبھی اپنی سواری واپس ملتی ہے۔ اگر یہ تانبے کا بنا نمبر والا ٹوکن گم ہو جاتا ہے تو انتظامیہ قانون کے مطابق کارروائی کرے گی۔

6۔ کالج سے غیر متعلقہ کسی شخص کو اپنی سواری کے بغیر پارکنگ سٹینڈ کے احاطہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ وہ طالب علم جو غیر متعلقہ افراد کو ساتھ لائے گا اسے سزا ملے گی یا جرمانہ کیا جائے گا۔

7۔ طلباء کے لیے پارکنگ سٹینڈ کی فراہمی برقرار رکھنا یا ختم کرنا کالج انتظامیہ کے فیصلہ پر منحصر ہے۔

8۔ پارکنگ سٹینڈ میں بدتمیزی پر سزا دی جائے گی۔

9۔ اگر کوئی تانبے کا بنا نمبر والا ٹوکن کسی طالب علم کو گرا پڑا ملے تو اسے پارکنگ سٹینڈ انچارج کے پاس جمع کرانا ضروری ہے تاکہ کوئی اس کا غلط استعمال نہ کرے۔

10۔ تانبے کے بنے اس نمبر والے ٹوکن کا (اگر وہ آپ کا نہ ہو) استعمال کالج سے برخاست ہونے کا سبب بن سکتا ہے۔

## نوٹس بورڈ

کالج انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹس، نوٹس بورڈ پر چسپاں کیے جاتے ہیں۔ طلباء کو روزانہ نوٹس بورڈ دیکھنا چاہیے۔ طلباء کو نہ کوئی نوٹس پھاڑنا چاہیے نہ نوٹس بورڈ کو نقصان پہنچانا چاہیے کیونکہ نوٹس تمام طلباء کے لیے ہیں، جو طلباء ایسا کریں گے انہیں سخت سزا دی جائے گی۔

## کالج کے امتیازات

کبڈی، فٹ بال، ہاکی، کرکٹ، بیڈمنٹن، والی بال اور رسہ کشی میں کالج کے طلباء نے گرم جوشی سے حصہ لیا اور کالج کے لیے نام کمایا۔





## فیس معافی اور وظیفہ کے حصول کے قوانین

1۔ کل طلباء کی تعداد میں سے 10 فیصد طلباء (جو غریب اور مستحق ہوں) ان کو کالج ٹیوشن فیس میں مکمل معافی دی جائے گی۔

2۔ وہ طلباء جو کوئی وظیفہ حاصل کر رہے ہیں فیس میں معافی حاصل نہیں کر سکتے۔ لیکن بہت زیادہ مستحق ہونے کی صورت میں (پنجاب ایجوکیشن کوڈ آرٹیکل نمبر 68) کے مطابق رعایت دی جاسکتی ہے۔

3۔ گریڈ 15 یا اس سے نچلے گریڈ میں کام کرنے والے اساتذہ کو سب سے بڑے بیٹے کی مکمل فیس معاف (ٹیوشن فیس) کر دی جائے گی۔ چھوٹے بچوں کی صرف نصف فیس معاف (ٹیوشن فیس) کی جائے گی۔ یہ پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفیکیشن نمبر So(Call)7-21/81 dated 14-05-87 کے مطابق دی جانے والی رعایت ہے۔ یہ رعایت 10% کوٹہ کے ساتھ ہے۔

4۔ اگر دو یا اس سے زیادہ بھائی ایک ہی وقت میں داخلہ حاصل کرتے ہیں تو سینیئر کلاس کے طالب علم کو (پنجاب ایجوکیشن کوڈ آرٹیکل نمبر 67) کے مطابق مکمل فیس ادا کرنا ہوگی جبکہ دوسرے بھائیوں کو نصف ٹیوشن فیس ادا کرنا ہوگی۔ وہ طلباء جو وظیفہ حاصل کر رہے ہیں وہ بھی بھائی کو دی جانے والی یہ رعایت حاصل کر سکیں گے۔ یہ رعایت 10% کوٹہ کے ساتھ ہے۔

5۔ حافظِ قرآن طالب علم کو مکمل فیس معافی (ٹیوشن فیس) دی جائے گی۔

6۔ غیر اخلاقی کردار یا کالج کے کسی امتحان میں ناکامی فیس معافی کی اس رعایت کو ختم کر سکتی ہے۔

7۔ سیکنڈ شفٹ/شام کی کلاسوں کے طلباء فیس معافی کی اس رعایت کو حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

## چھٹی/حاضری/غیر حاضری اور خصوصی جرمانہ کے قواعد وضوابط

1۔ طلباء کو چھٹی پر جانے سے پہلے چھٹی کی درخواست دینا ہو گی۔ کسی ہنگامی صورتِ حال میں اگلے دن کالج آ کر درخواست دی جا سکتی ہے۔

2۔ طالب علم کو تین دن تک چھٹی کی صورت میں اپنے انگلش کے مضمون کے ٹیچر سے درخواست پر دستخط کروا کر منظور کروانا ہو گی۔

3۔ تین سے پانچ دنوں تک کی چھٹی پرنسپل صاحب سے دستخط کروا کر منظور کروانا ہو گی۔

4۔ ایک پیریڈ کی چھٹی صرف اس پیریڈ کے ٹیچر سے منظور کروانا ہو گی۔

5۔ چھٹی کی صورت میں لیکچر شمار نہیں کیا جائے گا مگر غیر حاضری کا جرمانہ بھی نہیں ہو گا۔

6۔ دو روپے جرمانہ فی پیریڈ ہو گا اور پورے دن کی غیر حاضری پر دس روپے جرمانہ ہو گا۔

7۔ امتحانات کے دوران طلباء کو کنٹرولر امتحانات سے پیشگی چھٹی منظور کروانا ہو گی۔

8۔ میڈیکل بنیاد پر چھٹی کی صورت میں اگر تین سے سات دن تک کی چھٹی ہے تو میڈیکل سرٹیفکیٹ کو درخواست کے ساتھ جمع کروانا ضروری ہے۔ یہ درخواست میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہسپتال/تحصیل ہیڈ کوارٹر/بنیادی مرکز صحت سے دستخط کروانا ضروری ہے۔

## دوبارہ داخلہ کے اُصول وضوابط

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر DE,(Colleges)Fsd Endst, # 3178-3214/G-1, dated 01-02-94 کے مطابق ایک طالب علم جو ایک مرتبہ کالج سے خارج ہو جائے اور دوبارہ داخلہ کا خواہش مند ہو تو اسے پندرہ دن کے اندر اندر مندرجہ ذیل عمل کو سامنے رکھتے ہوئے دوبارہ داخلہ کی درخواست دینا ہو گی۔

1۔ وہ اپنی موجودہ کلاس میں صرف ایک ہی مرتبہ دوبارہ داخل ہو سکے گا۔

2۔ اسے دوبارہ داخلہ کے لیے خود اپنے نام کے ساتھ درخواست دینا ہو گی۔

3۔ اس کے والد صاحب کو بیس روپے کا اسٹامپ پیپر پر ایک حلف نامہ دینا ہو گا جس میں وہ اپنے بیٹے کی غیر حاضری کی وجوہات بیان کرے گا اور اس چیز کی یقین دہانی کروائے گا

4۔ کہ اس کا بیٹا مستقبل میں غیر حاضر نہیں ہو گا۔ اگر اس کا نام دوبارہ خارج ہوا تو وہ دوبارہ داخلہ کے لیے اہل نہیں ہو گا اور درخواست نہیں دے گا۔

5۔ پرنسپل صاحب کی رائے دوبارہ داخلہ کے لیے حتمی تصور ہو گی۔ اگر ان کی مرضی نہ ہو تو مندرجہ بالا دستاویزات کے جمع کروانے کے باوجود وہ دوبارہ داخلہ نہ دینے کے مجاز ہیں۔

طالب علم کو دوبارہ داخلہ کے لیے جرمانہ کے طور پر تین سو روپے جمع کروانا ہوں گے۔

## حاضری کے ضوابط

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے تحت منعقدہ امتحان (انٹرلیول) میں شرکت کے لیے 75% لیکچرز (حاضریاں) اور یونیورسٹی کے تحت منعقدہ امتحان کی صورت میں 66% لیکچرز (حاضریاں) ہونا ضروری ہیں۔ چھٹی کی درخواست والے دن لیکچرر (حاضریاں) شارٹیج (کمی) کو دور کرنے میں شامل نہیں کیے جائیں گے۔ مطلب یہ کہ چھٹی والا دن لیکچر کی غیر حاضری میں ہی درج ہو گا۔ اگر طالب علم نے ایک سال کا امتحان الگ بھی دینا ہے تو بھی اسی اُصول کا اطلاق ہو گا۔ ہر انفرادی مضمون میں لیکچرز (حاضریاں) 75% ہی ہونی چاہئیں۔

## وظیفہ جات کے اُصول وضوابط

تمام حکومتی وظیفہ جات، پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے وظیفہ جات، بورڈ کے وظیفہ جات، لوکل باڈیز (Local bodies) کے وظیفہ جات اور فوجی فاؤنڈیشن گروپ کے وظیفہ جات مستحق طلباء کے لیے دستیاب ہوں گے۔

وظیفہ جات حاصل کرنے والے طلباء کو مندرجہ ذیل باتیں مدنظر رکھنا ہوں گی۔

1۔ کالج کی فیس مقررہ تاریخ کے اندر اندر ادا کرنا ہو گی۔ فیس کی عدم ادائیگی اس کے وظیفہ حاصل کرنے کے حق کو ختم کر دے گی۔ جب ایک دفعہ وظیفہ دینے کی یہ سہولت واپس لے لی گئی تو یہ دوبارہ نہیں دی جائے گی۔

2۔ سالانہ امتحان میں ناکامی وظیفہ حاصل کرنے کے حق کو مستقل طور پر ختم کر دے گی۔

3 کالج سے غیر حاضری کرتے رہنے کی صورت میں وظیفہ کی رقم میں بھی کمی ہوتی جائے گی۔

4۔ وظیفہ حاصل کرنے والا طالب علم کسی بھی دوسری قسم کے فنڈ (فیس معافی، ویلفیئر فنڈ، گفٹ فنڈ) کا اہل نہیں ہوتا۔ ایک سے زیادہ وظیفہ جات ایک وقت میں نہیں دیئے جاسکتے۔

## مالی مدد کے حصول کا قاعدہ

درخواست دہندہ کو کلاس کی حاضری میں باقاعدہ ہونا چاہیے اور کلاس ٹیسٹ میں باقاعدہ حاضر رہنا چاہیے۔ اسے کالج اور کلاس ٹیسٹ میں کم از کم پچاس فیصد نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔ اس کی حاضری 70% ہونی چاہیے۔ اس کا کردار اور رویہ لازمی طور پر تسلی بخش ہونا چاہیے۔ اسے کلاس ٹیچرز کی اچھی رائے میں ہونا چاہیے۔

## طلباء بہبود فنڈ

اس فنڈ سے مستحق طلباء کو نصابی کتب، سویٹر، جرسی اور کالج یونیفارم مہیا کی جاتی ہے۔

### کالج چھوڑ کر دوسرے کالج میں جانے کے قواعد وضوابط

1۔ بورڈ/یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق طلباء کالج چھوڑ کر کسی دوسرے کالج میں تعلیم کے حصول کے لیے جا سکتے ہیں۔ قانون کے مطابق ایک سے دوسرے (مقامی کالج) میں migration کی بھی اجازت ہے۔

2۔ Migration کے وقت طلباء کو کالج کے تمام واجبات کی ادائیگی کر کے جانا ہوگا۔

3۔ دوسرے کالجز میں سے Migration صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگی۔

## کالج کے مجموعی قواعد وضوابط

1۔ تمام طلباء کو کالج کے قواعد وضوابط کی لازمی طور پر پابندی کرنا ہوگی۔ کالج کی پالیسی اور قوانین وقتاً فوقتاً تبدیل ہو سکتے ہیں۔

2۔ کسی طالب علم کو کوئی اشتہار چپکانے، اس کی نمائش کرنے، کسی پمفلٹ کو تیار کرنے اور بانٹنے کی اجازت کالج حدود کے اندر نہیں دی جاسکتی۔ اس کے لیے اسے پرنسپل صاحب سے باقاعدہ اجازت لینا ہوگی۔

3۔ کالج کی حدود میں ہونے والے کسی واقعہ یا کاروائی سے ناخوش ہونے کی صورت میں اسے پرنسپل صاحب کو درخواست دینا ہوگی اور پرنسپل صاحب کی اجازت کے بغیر وہ کسی بھی بیرونی دفتر یا آفیسر کو درخواست نہیں دے سکتا۔

4۔ کالج کے ہر طالب علم کو کلاس میں باقاعدگی دکھانا ہوگی۔ کلاس میں دیر سے آنے والے طلباء اس دن کی حاضری میں غیر حاضر شمار ہوں گے۔ کوئی بھی طالب علم کلاس ختم ہونے سے پہلے اپنے استاد کی مرضی کے بغیر کلاس چھوڑ کر نہیں جا سکتا۔

5۔ طلباء کو براہ راست کسی بھی اعلیٰ افسر سے رابطہ کرنے کی ممانعت ہے۔ اگر ایسا کوئی رابطہ مقصود ہے تو یہ پرنسپل صاحب کی وساطت سے ہونا چاہیے جو اسے تکمیل تک پہنچائیں گے۔ اگر وہ اس عمل کو مناسب گردانتے ہیں۔

6۔ کسی قسم کی سیاسی یا غیر اخلاقی کاروائی کالج کی حدود یا اس کے آس پاس سختی سے منع ہے۔

7 طلباء کو ذاتی فون کالز کی اجازت نہ ہوگی۔ تاہم کسی ہنگامی صورتِ حال میں کالج کی طرف سے طلباء کے گھر پیغام پہنچایا جاسکتا ہے۔

8۔ طلباء کو کالج کی طرف سے جاری شدہ کالج کارڈ کو کالج کی حدود میں سارا وقت اور کالج کی منعقدہ تقریبات میں بھی تمام وقت اپنے پاس رکھنا لازمی ہے۔

9۔ طلباء کے لیے ضروری ہے کہ وہ تجویز کردہ یونیفارم کالج کارڈ سمیت پہن کر کالج کی چار دیواری میں داخل ہوں۔

10۔ کالج کو اس امر میں مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اگر کالج کے پتہ پر ارسال کی جانے والی کسی طالب علم کی کوئی ڈاک یا کوئی قیمتی چیز اس تک نہیں پہنچتی۔

11۔ کالج کسی بھی طالب علم کے کسی ذاتی سامان کو پہنچنے والے کسی نقصان یا سامان کے گم ہونے کا ذمہ دار نہیں ہے۔

12۔ درخواست کے ذریعہ پرنسپل صاحب کو پہنچائی جانے والی کوئی بھی اطلاع طالب علم کے کالج سے اخراج کا باعث بن سکتی ہے۔

13۔ اگر طالب علم کالج کے واجبات مقررہ تاریخ کے اندر اندر جمع نہیں کرواتا تو اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

14۔ کالج کو یہ کلی اختیار ہوگا کہ وہ نظم وضبط کے حوالے سے انتظامی حوالہ سے اور قانونی حوالہ سے کوئی بھی عمل اس طالب علم کے خلاف اختیار کر سکتی ہے جو کالج کے قوانین وضوابط، پالیسیوں اور رہنما اُصولوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے۔ اس سزا کے عمل میں کالج سے اخراج، کالج کی طرف سے بورڈ یا یونیورسٹی کے داخلہ فارم نہ بھجوانے کی اجازت، امتحان کے لیے بورڈ یا یونیورسٹی کی طرف سے آنے والی رول نمبر سلپ کی ضبطی اور بورڈ یا یونیورسٹی کی طرف سے جاری ہونے والے رزلٹ کارڈ کی ضبطی یا ان میں سے موقع محل کی مناسبت سے کوئی بھی عمل اختیار کیا جا سکتا ہے۔

عام طور پر قواعد وضوابط کی ان خلاف ورزیوں پر سزا دی جاتی ہے۔

i۔ حاضری کا پورا نہ ہونا۔

ii۔ کالج کے واجبات کی ادائیگی نہ کرنا۔

iii۔ مجموعی طور پر تعلیمی ریکارڈ کا ناقص ہونا۔

iv۔ کالج کے امتحانات میں ناکامی۔

v۔ غلط رویہ اور ناشائستگی۔

vi۔ کوئی اور اس طرح کی وجہ۔

15۔ ایک مرتبہ واجبات کی ادائیگی کے بعد یہ واجبات قابل واپسی یا قابل منتقلی نہیں ہوں گے۔

16۔ کمرہ جماعت میں یا کالج میں بدتہذیبی اور بدتمیزی کا مظاہرہ کرنے والے طالب علم کے کلاس ٹیچر کی طرف سے فوری طور پر پرنسپل صاحب کو رپورٹ کی جائے گی۔ پرنسپل صاحب کی طرف سے جو سزا وہ مناسب سمجھیں گے طالب علم کو دی جائے گی۔ کلاس ٹیچر کی طرف سے بھی طالب علم کو مناسب سزا دی جا سکتی ہے۔

17۔ ہر قسم کا اسلحہ لانا، تمباکو اور منشیات کا استعمال کالج کی حدود میں سختی سے منع ہے۔

18۔ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یا حکومت کی طرف سے آنے والی کسی بھی نئی ہدایات کی روشنی میں کالج کے قواعد وضوابط میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔

19- حکومت پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن نمبر So(Admin-1)15-4/2010 dated 12-03-2013 اور پنجاب اسمبلی میں 03-01-2012 کو پاس ہونے والی قرارداد کی رو سے موبائل فون کالج کے احاطہ میں لانا منع ہے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو 1000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ اگر کالج کونسل سفارش کردے تو ان کو کالج سے خارج بھی کیا جا سکتا ہے۔

20- ڈی۔پی۔آئی کالجز پنجاب لاہور کے جاری کردہ Memo no. 3/2-94/2252-5961 dated 25-01-1994 کے مطابق وہ طالب علم جو ایک یا سب مضامین میں دس دن یا اس سے زیادہ غیر حاضر رہتا ہے اس کو خارج کیا جا سکتا ہے۔

21- طلباء کو کالج کے احاطہ میں موٹر سائیکلیں یا سائیکل چلانے کی اجازت نہیں ہے۔ کالج کے پارکنگ سٹینڈ کے علاوہ کالج میں کسی بھی جگہ موٹر سائیکل یا سائیکل پارک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

22- کالج میں داخلہ کے لیے صرف کالج کا دروازہ استعمال کیا جائے۔ کالج کی دیواروں کے ذریعے اندر آنا یا باہر جانا منع ہے۔

23- طلباء کو کرسیوں کے بازوؤں پر بیٹھنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

24 طلباء کلاس کے کمروں میں موجود بجلی کے بورڈ، بٹن یا کالج کے احاطہ کے اندر موجود کسی بھی قسم کے سامان کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

## کالج میگزین

کالج میگزین صریرِ خامہ کے نام سے پہلی مرتبہ 2016 میں شائع کیا گیا اور ہر سال باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ اس میں کچھ حصہ اردو اور کچھ حصہ انگلش پر مشتمل ہے۔ کالج میگزین میں اپنی تحریر کے چھپوانے کے خواہشمند اساتذہ اور طلباء متعلقہ میگزین کمیٹی سے رابطہ کرتے ہیں۔

کالج میں سالانہ کھیلوں، انعامات کی تقسیم، عید میلاد النبی ﷺ، یوم اقبال، یوم آزادی، انٹر کالجیٹ مباحثے اور اس طرح کی دوسری تقریبات منعقد ہوتی ہیں جو حکومت کے جاری شدہ احکامات کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے منعقد کی جاتی ہیں۔



# ٹیوٹوریل گروپ سسٹم

کالج کے تمام طلباء کو مختلف ٹیوٹوریل گروپوں میں بانٹ کر ہر گروپ کو کالج کے ٹیچنگ سٹاف میں سے ایک ٹیوٹر فراہم کیا جاتا ہے جو طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار موثر طریقہ سے ادا کرتا ہے۔

ٹیوٹوریل پیریڈ کے ذریعہ طالب علموں کو موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ وہ کالج سے متعلقہ اپنی پڑھائی سے متعلقہ معاملات ومسائل کو اپنے اساتذہ کے ساتھ زیر بحث لائیں اور اپنی انفرادی صلاحیتوں کو نکھاریں۔

طلباء کو یہ پیریڈ لازمی طور پر پڑھنا ہے ورنہ جرمانہ ادا کریں گے۔

تمام ٹیوٹوریل گروپس کو ہفتہ میں ایک مرتبہ ایک مجموعی ٹیوٹوریل گروپ میں شرکت کرنا ہوگی۔ یہ پیریڈ 45 منٹ کے دورانیہ کا ہوگا۔ طلباء مختلف قسم کی سرگرمیاں جیسے حمد، نعت، تقریر، نغمہ، لطائف، کہانی وغیرہ پیش کریں گے۔ مختلف شخصیات کی طرف سے اخلاقیات، خواندگی، سائنسی تعلیم کی اہمیت، دہشت گردی کے نقصانات وغیرہ کے موضوعات پر لیکچرز ہوں گے۔ اس مجموعی ٹیوٹوریل گروپ میں سوال و جواب کے سیشن بھی ہوں گے۔ فرقہ بازی پر گفتگو مکمل طور پر ممنوع ہوگی۔

## طالب علم کا کالج کارڈ

کالج کارڈ ایک ہی مرتبہ جاری ہوتا ہے۔ یہ کالج کی حدود میں طالب علم کی شناخت کا ذریعہ ہے۔ کارڈ گم ہونے کی صورت میں کالج ایک متبادل کارڈ فراہم کرے گا جس کی فیس 70 روپے ہوگی۔ ہر طالب علم کو کالج کے دورانیہ میں یہ کارڈ اپنے ساتھ رکھنا لازمی ہوگا وگرنہ اس کے خلاف نظم و ضبط کی خلاف ورزی کی مد میں کاروائی ہوسکتی ہے۔

## لائبریری کے قواعد وضوابط

1۔ مقررہ دنوں میں کتابیں جاری اور واپس ہوسکتی ہیں۔

2۔ حوالہ جات کی کتابیں جاری نہیں ہوں گی۔ وہ صرف لائبریری میں بیٹھ کر پڑھی جاسکتی ہیں۔

3۔ کالج کے اساتذہ اور باقاعدہ داخل شدہ کالج کے طلباء ہی کتابیں جاری کروانے کے اہل ہوں گے۔

4۔ لائبریری سے کتابیں جاری کروانے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

(i) اساتذہ صرف ایک سے دو ماہ تک کے لیے ہی کتابیں جاری کرواسکتے ہیں اس کے بعد انہیں دوبارہ سے جاری کروانا ہوں گی۔

(ii) طلباء 14 دن کے لیے کتابیں جاری کرواسکتے ہیں۔

5۔ کتابوں کی تعداد:

(i) اساتذہ چار تک کتابیں جاری کروا سکتے ہیں۔ ماسوائے حوالہ جات کی کتابوں کے / مخصوص کتابوں کے / تازہ ترین میگزین کے / نصابی کتب اور لغات کے۔

(ii) طلباء کے لیے یہ اُصول ہے کہ ADA, ADS اور بی ایس چار سالہ کی سطح کے طلباء ایک وقت میں دو کتابیں ہی جاری کروا سکتے ہیں۔ انٹر کی سطح تک کے طلباء ایک وقت میں ایک ہی کتاب جاری کروا سکتے ہیں۔

6۔ ہر طالب علم کو داخلہ کے وقت ایک لائبریری کارڈ جاری کیا جاتا ہے۔ ہر نئی کلاس میں جانے پر لائبریری کارڈ دوبارہ سے جاری ہوگا۔

7۔ کتاب جاری کرواتے وقت لائبریرین کو لائبریری کارڈ دکھا کر اس سے دستخط کروانا ضروری ہے۔ اسی طرح کتاب واپس کرواتے وقت بھی لائبریرین کو لائبریری کارڈ دکھا کر اس سے دستخط کروانا ضروری ہے۔ ایک طالب علم اپنا لائبریری کارڈ دوسرے طالب علم کو نہیں دے سکتا۔

8۔ واپس ہونے والی کتابیں اسی دن میں اسی طالب علم کو دوبارہ جاری نہیں ہو سکتیں۔

9۔ اگر کتاب مقررہ تاریخ کے اندر اندر واپس نہیں ہوتی تو فی دن، فی کتاب ایک روپیہ جرمانہ ہوگا۔

10۔ گم شدہ یا ضائع شدہ کتاب یا کتابیں سیریل نمبر سے نکال کر اسی سیریل نمبر میں نئی کتابیں شامل کر دی جائیں گی۔ یا پھر کتاب کی اصل قیمت ادا کرنا ہوگی۔ اگر وہ کتاب اس وقت مارکیٹ میں دستیاب نہ ہو تو پھر کالج قوانین کے مطابق جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

11۔ گرمیوں کی چھٹیوں سے پہلے جاری ہونے والی کتابیں گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد فوری طور پر واپس کرنا ہوں گی۔ وگرنہ فی کتاب دو روپے فی دن کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

12۔ لائبریری کارڈ کی گمشدگی کی صورت میں لائبریرین کو فوری طور پر رپورٹ کرنا ہوگی اور متبادل لائبریری کارڈ کی فراہمی کی قیمت تیس روپے ہوگی۔

13۔ طلباء آپس میں کتابیں خود سے تبدیل نہیں کر سکتے۔

14۔ کالج چھوڑ کے جانے والے طلباء کو لائبریری کی کتابیں جو انہوں نے جاری کروا رکھی ہوں وہ کتابیں اور لائبریری کارڈ واپس کرنا ہوگا تب ان کو لائبریرین یہ تحریر اپنے دستخط سے دے گا کہ ان کے ذمہ لائبریری کی کوئی کتاب نہیں ہے۔

15۔ لائبریری میں مکمل خاموشی کا مظاہرہ کیا جائے۔ کسی بھی قسم کی بدنظمی پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

16۔ ہر سال مئی کے مہینہ میں لائبریری سالانہ معائنہ کی وجہ سے بند کی جاتی ہے۔ اس مہینہ سے پہلے پہلے کتابیں واپس کرنا ضروری ہوں گی۔

17۔ کسی کتاب سے کوئی تصویر یا صفحہ نکالا گیا تو اس عمل پر سختی سے پیش آیا جائے گا اور جرمانہ بھی ہوگا۔

18۔ کسی بھی طالب علم کو لائبریری کے میز سے کوئی تحریری مواد ہٹانے یا اٹھانے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

## لائبریری سکیورٹی فنڈ

ہر سال تعلیمی سیشن کے اختتام پر نومبر میں طلباء کو سکیورٹی واپس کی جاتی ہے۔ نومبر کے بعد بچ جانے والی سکیورٹی دوبارہ کالج فنڈ میں جمع کروادی جاتی ہے۔ طلباء سکیورٹی لیتے وقت لائبریری کارڈ، کالج کارڈ اور ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر لازمی ساتھ لائیں۔

## امتحانی ضوابط

1`۔ جو طلباء ماہانہ ٹیسٹوں میں غیر حاضر یا فیل ہوں گے ان کو فی مضمون پچاس روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

2۔ کلاس ٹیسٹ میں غیر حاضر طلباء کو بھی پچاس روپے جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

3۔ دسمبر ٹیسٹ اور سینڈاپ ٹیسٹ میں غیر حاضر یا فیل شدہ کو 200 روپے فی مضمون جرمانہ کیا جائے گا اور امتحان میں فیل سمجھا جائے گا۔

4۔ میڈیکل چھٹی کی بنیاد پر جرمانہ نہیں ہوگا لیکن امتحان دوبارہ لیا جائے گا۔

5۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ امتحان شروع ہونے سے پہلے کالج دفتر پہنچنا چاہیے۔

6۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ گورنمنٹ ہسپتال کا ہونا چاہیے، جہاں طالب علم زیر علاج رہا ہو۔

7۔ طالب علم کو امتحان دیتے وقت کالج کارڈ لازمی دکھانا ہوگا۔ ورنہ امتحان نہیں لیا جائے گا اور امتحان کے دوران طالب علم مکمل یونیفارم میں آئے گا۔

### مسجد فنڈ

کالج میں ایک نہایت خوبصورت مسجد تعمیر کی گئی ہے۔ جہاں اساتذہ طلباء اور اہل علاقہ پانچوں وقت کی نماز پڑھتے ہیں۔ مسجد کے انتظام و انصرام کے لیے ایک مسجد کمیٹی بنائی گئی ہے۔ مسجد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مسلمان طلباء 100 روپے فیس جمع کرواتے وقت دیں گے۔ جس کی انہیں ایک علیحدہ رسید دی جائے گی، طلباء سے گزارش ہے کہ مسجد کے آداب کا خاص خیال رکھیں۔

## گریڈ سسٹم

انٹرمیڈیٹ کے طلباء کو کالج کے امتحان میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر گریڈ الاٹ کیے جاتے ہیں، جس کا فارمولا یہ ہے۔

| گریڈ | |
|---|---|
| A+ | 80% یا اوپر |
| A | 79% تا 70% |
| B | 69% تا 60% |
| C | 59% تا 50% |
| D | 49% تا 40% |
| E | 39% تا 33% |
| F | 33% سے کم |

وہ طلباء جو کالج کے امتحانات (دسمبر ٹیسٹ/Sendup ٹیسٹ) میں دو یا دو سے زیادہ مضامین میں F گریڈ حاصل کریں گے وہ بورڈ/یونیورسٹی کے پارٹ one اور پارٹ Two کے امتحان میں بطور ریگولر طالب علم بیٹھنے کے اہل نہیں ہوں گے۔ کالج ان کا بطور ریگولر امیدوار داخلہ نہیں بھیجے گا یا رولنمبر سلپ روک لے گا۔

# مضامین کے گروپ

## انٹر کلاسز

**پری میڈیکل گروپ:**

فزکس، کیمسٹری، بائیالوجی

**پری انجینئرنگ گروپ:**

فزکس، کیمسٹری، ریاضی

**آئی سی ایس گروپ:**

کمپیوٹر سائنس، ریاضی، فزکس

کمپیوٹر سائنس، ریاضی، شماریات

کمپیوٹر سائنس، ریاضی، اکنامکس

**جنرل سائنس گروپ:**

ریاضی، شماریات، اکنامکس — ریاضی، شماریات، جغرافیہ

ریاضی، شماریات، سائیکالوجی — ریاضی، اکنامکس، جغرافیہ

ریاضی، جغرافیہ، سائیکالوجی — ریاضی، اکنامکس، سائیکالوجی

**کامرس گروپ:**

پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ، اصول معاشیات، اصول تجارت، ریاضی کمرشل جغرافیہ، کاروباری شماریات، بینکنگ یا کمپیوٹر سائنس

**آرٹس گروپ:**

**نوٹ:** ہر گروپ سے ایک مضمون کا انتخاب کریں۔

اسلامیات، جغرافیہ، سائیکالوجی، کمپیوٹر سائنس

ایجوکیشن، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، تاریخ پاکستان،

سوکس، اکنامکس، سوشیالوجی، شماریات

## لازمی کورسز

اردو، انگلش، اسلامک ایجوکیشن، مطالعہ پاکستان

**نوٹ:** مضامین جو ایک دفعہ چن لیے جائیں وہ ایک دیئے گئے وقت میں ٹیچر کی اجازت اور میرٹ پالیسی کے مطابق تبدیل کیے جاسکتے ہیں اس کے علاوہ کچھ گروپ سٹاف کی تعیناتی کے بعد تبدیل کیے جاسکیں گے۔

# تفصیل ادائیگی واجبات

| فنڈز | انٹرمیڈیٹ | اے ڈی اے/اے ڈی ایس |
|---|---|---|
| ایڈمشن فیس | 65/80 | 175/225 |
| ٹیوشن فیس | 600 | 720 |
| رجسٹریشن فیس | بورڈ کی ہدایات کے مطابق | یونیورسٹی کی ہدایات کے مطابق |
| کالج سپورٹس فنڈ | 180 | 180 |
| جنرل فنڈ | | |
| کالج میگزین فنڈ | 120 | 120 |
| میڈیکل فنڈ | 50 | 50 |
| ہلال احمر فنڈ | 60 | 60 |
| سٹوڈنٹس ویلفیئر فنڈ | | |
| لائبریری سکیورٹی فنڈ | 500 | 500 |
| امتحانی فیس | بورڈ کی ہدایات کے مطابق | یونیورسٹی کی ہدایات کے مطابق |
| سائیکل فنڈ (بوائز) | 100 | 100 |
| کمپیوٹر فیس | 300 | 400 |
| کالج امتحانی فیس | 100 | 100 |
| کالج کارڈ | 50 | 50 |
| مسجد فنڈ | 150 | 150 |
| ٹرانسپورٹ فنڈ | | |
| سائنس بریکیج فنڈ | 60 | 120 |

## Fee Structure: BS Program Academic Session 2021-2025

**BS English Literature (Morning)**

| | Admission Fee | Tuition Fee | Breakage Fund | Magazine Fund | Library Fund (Refund-able) | Reg Fee | Univ. Sports fund | Univ. Exams Fee | Medical Fund | College Sports Fund | College Welfare Fund | Parking Fund | Identity Card Fund | Exams Fee | General Fund | Masjid Fund | Computer Fee | Affiliation Fund | Hilal-e-Ahmar Fund | Total Rs. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Semester 1 | 450 | 360 | 120 | 60 | 300 | 2000 | 800 | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 8086 |
| Semester 2 | | 360 | 120 | 60 | - | | - | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 4536 |
| Semester8 | | 360 | 120 | 60 | - | | 800 | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 5336 |
| Semester 4 | | 360 | 120 | 60 | - | | - | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 4536 |
| Semester 5 | | 360 | 120 | 60 | - | | 800 | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 5336 |
| Semester 6 | | 360 | 120 | 60 | - | | - | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 4536 |
| Semester 7 | | 360 | 120 | 60 | - | | 800 | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 5336 |
| Semester 8 | | 360 | 120 | 60 | - | | 800 | 2996 | 30 | 90 | 50 | 50 | 50 | 200 | 50 | 50 | 300 | 100 | 30 | 4536 |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | TOTAL | | 42238 |

**NOTE**

- **Any change in dues by the G.C. University Faisalabad will be implemented as per notification of G.C. university Faisalabad.**
- **For BS(Evening) classes Rs.7000/- per semester additionally will have to be deposited as B.S Evening Fee.**

فیس جمع ہو جانے کے بعد واپس نہیں ہوگی

مندرجہ بالا فیس کی شرح میں حکومت پنجاب کی طرف سے
جاری کردہ ہدایات کے مطابق تبدیلی بھی ہو سکتی ہے

# انٹر کلاسز کے لئے مضامین کے گروپ

## ایف ایس سی (پری میڈیکل)
فزکس، کیمسٹری، بیالوجی

## ایف ایس سی (پری انجینرنگ)
فزکس، کیمسٹری، ریاضی

## آئی سی ایس
ریاضی، کمپیوٹر سائنس، فزکس

ریاضی، کمپیوٹر سائنس، شماریات

ریاضی، کمپیوٹر سائنس، اکنامکس

## جنرل سائنس
ریاضی، اکنامکس، شماریات

ریاضی، شماریات، جغرافیہ

ریاضی، سائیکالوجی، شماریات

ریاضی، اکنامکس، جغرافیہ

ریاضی، جغرافیہ، سائیکالوجی

ریاضی، اکنامکس، سائیکالوجی

## آئی کام
پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ، اصول معاشیات،
اصول تجارت، بزنس میتھ

## ایف اے آئی ٹی
کمپیوٹر سائنس، ایجوکیشن، سوکس

کمپیوٹر سائنس، ایجوکیشن، اکنامکس

کمپیوٹر سائنس، ایجوکیشن، سوشیالوجی

کمپیوٹر سائنس، ایجوکیشن، شماریات

کمپیوٹر سائنس، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوکس

کمپیوٹر سائنس، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، اکنامکس

کمپیوٹر سائنس، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوشیالوجی

کمپیوٹر سائنس، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، شماریات

کمپیوٹر سائنس، تاریخ پاکستان، سوکس

کمپیوٹر سائنس، تاریخ پاکستان، اکنامکس

کمپیوٹر سائنس، تاریخ پاکستان، سوشیالوجی

کمپیوٹر سائنس، تاریخ پاکستان، شماریات



# انٹر کلاسز کے لئے مضامین کے گروپ

## ایف اے

اسلامیات، ایجوکیشن، سوکس

اسلامیات، ایجوکیشن، اکنامکس

اسلامیات، ایجوکیشن، سوشیالوجی

اسلامیات، ایجوکیشن، شماریات

اسلامیات، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوکس

اسلامیات، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، اکنامکس

اسلامیات، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوشیالوجی

اسلامیات، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، شماریات

اسلامیات، تاریخ پاکستان، سوکس

اسلامیات، تاریخ پاکستان، اکنامکس

اسلامیات، تاریخ پاکستان، سوشیالوجی

اسلامیات، تاریخ پاکستان، شماریات

جغرافیہ، ایجوکیشن، سوکس

جغرافیہ، ایجوکیشن، اکنامکس

جغرافیہ، ایجوکیشن، سوشیالوجی

جغرافیہ، ایجوکیشن، شماریات

جغرافیہ، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوکس

جغرافیہ، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، اکنامکس

جغرافیہ، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوشیالوجی

جغرافیہ، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، شماریات

جغرافیہ، تاریخ پاکستان، سوکس

جغرافیہ، تاریخ پاکستان، اکنامکس

جغرافیہ، تاریخ پاکستان، سوشیالوجی

جغرافیہ، تاریخ پاکستان، شماریات

سائیکالوجی، ایجوکیشن، سوکس

سائیکالوجی، ایجوکیشن، اکنامکس

سائیکالوجی، ایجوکیشن، سوشیالوجی

سائیکالوجی، ایجوکیشن، شماریات

سائیکالوجی، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوکس

سائیکالوجی، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، اکنامکس

سائیکالوجی، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، سوشیالوجی

سائیکالوجی، ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، شماریات

سائیکالوجی، تاریخ پاکستان، سوکس

سائیکالوجی، تاریخ پاکستان، اکنامکس

سائیکالوجی، تاریخ پاکستان، سوشیالوجی

سائیکالوجی، تاریخ پاکستان، شماریات

# BS ENGLISH LITERATURE
## (4 YEAR PROGRAM)

### Scheme of Studies

| | | |
|---|---|---|
| **Semester 1** | | |
| ENG-321 | Functional English | 3(3-0) |
| PST-321 | Pakistan Studies | 2(2-0) |
| CSI-321 | Introduction to Computing Applications | 3(3-0) |
| ENG-303 | Introduction to Literary Studies | 3(3-0) |
| ENG-309 | Prose | 3(3-0) |
| PSY-321 | Introduction to Psychology | 3(3-0) |
| + ISL-311 | Translation of The Holy Quran -I | 1(1–0) |
| **Semester 2** | | |
| ENG-322 | English Comprehension and Composition | 3(3-0) |
| ISL-321 | Islamic Studies OR | 2(2–0) |
| ISL-322 | Ethics (For Non-Muslim only) | 2(2–0) |
| ENG-304 | Classical Poetry | 3(3-0) |
| ENG-306 | History of English Literature | 3(3-0) |
| ENG-308 | Greek and Elizabethan Drama | 3(3-0) |
| ENG-310 | Introduction to Philosophy | 3(3-0) |
| **Semester 3** | | |
| ENG-421 | Communication Skills | 3(3-0) |
| STA-321 | Introduction to Statistical Theory | 3(3-0) |
| ENG-403 | Introduction to Linguistics | 3(3-0) |
| ENG-405 | Novel (I) | 3(3-0) |
| ENG-407 | Romantic Poetry | 3(3-0) |
| POL-304 | Gender and Human Rights | 3(3-0) |
| + ISL-411 | Translation of The Holy Quran -II | 1(1–0) |
| **Semester 4** | | |
| ENG-402 | Advanced Academic Reading and | 3(3-0) |
| ENG-404 | Literary Stylistics | 3(3-0) |
| ENG-406 | Literary Criticism - I | 3(3-0) |
| ENG-408 | American Literature - I | 3(3-0) |
| ENG-412 | Victorian Novel | 3(3-0) |
| ENG-410 | Short Stories | 3(3-0) |

| | | |
|---|---|---|
| **Semester 5** | | |
| ENG-501 | Modern Poetry | 3(3-0) |
| ENG-503 | Literary Essays | 3(3-0) |
| ENG-505 | Literary Criticism -II | 3(3-0) |
| ENG-507 | Pakistani Literature in English -I | 3(3-0) |
| ENG-509 | American Literature -II | 3(3-0) |
| ENG-511 | Modern Novel | 3(3-0) |
| + ISL-511 | Translation of The Holy Quran -III | 1(1–0) |
| **Semester 6** | | |
| ENG-502 | Literary Theory -I | 3(3-0) |
| ENG-504 | Discourse Studies | 3(3-0) |
| ENG-506 | Modern Drama | 3(3-0) |
| ENG-508 | Russian Literature | 3(3-0) |
| ENG-510 | Pakistani Literature in English -II | 3(3-0) |
| **Semester 7** | | |
| ENG-601 | Literary Theory -II | 3(3-0) |
| ENG-603 | Postcolonial Studies | 3(3-0) |
| ENG-605 | Research Methodology | 3(3-0) |
| ENG-607 | Literature of War and Conflict | 3(3-0) |
| ENG-609 | Theatre of the Absurd | 3(3-0) |
| + ISL-611 | Translation of The Holy Quran -IV | 1(1–0) |
| **Semester 8** | | |
| ENG-602 | Introduction to Translation Studies | 3(3-0) |
| ENG-604 | Women's Writings | 3(3-0) |
| ENG-606 | World Literature | 3(3-0) |
| ENG-608 | Postcolonial Literature | 3(3-0) |
| ENG-610 | Media and Cultural Studies | 3(3-0) |